# رازداری سے متعلق بیان

## (Declaration Regarding Confidentiality)

**تنظیم کا بیان:**

اِس بیان میں رازداری کے بعض اہم پہلوؤں کے متعلق روشنی ڈالی گئی ہے جنکے متعلق رضا کاروں کو لازمی آگاہ ہونا چاہیئے۔ اگر آپ تنظیم کا مکمل بیان پڑھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی عملے کے کسی ممبر سے کہیں۔

1. ہم تسلیم کرتے ہیں کہ بعض معلومات کے متعلق رازداری کو قائم رکھنا ضروری ہے اور ہم اُن مروجہ طریقوں اور دیگر طریقہ ہائے کار پر عمل کرنے کا تہیہ کئے ہوئے ہیں جن سے اری کے متعلق اظہار ہوتا ہو۔

2. ہم اِس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ ہمارے عملے اور رضا کاروں پر اعتماد کرتے ہوئے ہمارے سروس استعمال کرنے والوں کی جانب سے فراہم کی گئی معلومات صرف اُسی مقصد کے لئے ہی استعمال کرنی چاہئیں جس مقصد کے لئے اُنہیں سروس استعمال کرنے والے کی جانب سے فراہم کیا گیا تھا۔ اسلئے ہمارے عملے کے افراداور رضا کاروں کو عام طور پر معلومات کو ظاہر نہیں کرنا چاہیئے جن سے کسی شخص کی حفاظت یا پردہ داری خطرے میں پڑسکتی ہو۔

3. سروس استعمال کرنے والے کے ساتھ ہمارے پیشہ ورانہ تعلق کے نتیجے میں حاصل کی گئی معلومات پر اِس پالیسی کا اطلاق ہوتا ہے: اِس میں زبانی، تحریری اور کمپیوٹر پر محفوظ کردہ ریکارڈز شامل ہیں۔

4. اِس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ ہمارے رضا کار ڈیٹا پروٹیکشن ایکٹ 1998 کی پابندی کریں، اُن کے لئے مندرجہ ذیل کے متعلق آگاہ ہونا ضروری ہے:
    - **ذاتی اور حساس نوعیت کی معلومات میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہیں:**
        - نسلی اور اقلیتی پس منظر
        - مذہبی یا ثقافتی یا سیاسی اعتقادات
        - ٹریڈ یونین کی ممبرشپ (رکنیت)
        - جنسی رجحان
        - مجرمانہ ریکارڈ یا تاریخ
        - صحت سے متعلقہ ریکارڈز
        - عملے کا ریکارڈز اور تنخواہ وغیرہ کی ادائیگیوں (پے رول) کے متعلق معلومات
    - **رازدارانہ معلومات میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہیں:**
        - گھر کے رابطے کی تفصیلات (پتے اور فون نمبرز)
        - مالی حالات (ہسٹری)
        - ممبرشپ کے ریکارڈز
        - فنڈنگ سے متعلقہ معلومات

5. ہمارے عملے کے افراد اور رضا کار ایک ٹیم کے طور پر کام کرتے ہیں۔ اگر سروس کی بہتر فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے ایسا کرنا مناسب ہوگا تو وہ گروپوں اور افراد کے متعلق معلومات کا تبادلہ وغیرہ کریں گے۔ وہ اپنے پاس افراد اور گروپوں کے ساتھ اپنے کام کے ریکارڈز، ڈیٹا کی نگرانی (ڈیٹا مانیٹرنگ) اور میلنگ لسٹ بھی رکھتے ہیں۔

**بطور رضا کار بیان**

- بطور رضا کار میں نے رازداری کے متعلق اُوپر بیان کردہ بیان کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے اور اِن انتظامات کے اندر کام کرنے سے متفق ہوں۔
- میں والنٹیئر سنٹر کے موکلین اور سروس استعمال کرنے والوں کی ذاتی، حساس یا رازدارانہ معلومات سے متعلق رازداری کو قائم رکھوں گا۔
- میں دوسرے رضا کاروں یا عملے کے افراد کے ساتھ اِن تفصیلات کے متعلق صرف اُسوقت بات چیت کروں گا اگر ایسا کرنا مناسب ہوگا یا بطور رضا کار اپنے کردار (رول) کو ادا کرنے کے لئے ضروری ہوگا۔
- میں تنظیم سے باہر کے افراد کے ساتھ بات چیت کے دوران موکلین اور سروس استعمال کرنے والوں کے نام یا دیگر تفصیلات ظاہر نہیں کروں گا۔

نام لکھیں ______________________ تاریخ ______________

دستخط ______________________